28 مارچ 2014ء

اسٹیٹ بینک اور پاکستان بینکس ایسوسی ایشن کی چندریگر روڈ صفائی مہم کا آغاز

اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور پاکستان بینکس ایسوسی ایشن آئی آئی چندریگر روڈ کو وال چاکنگ، کچرے اور کوڑا کرکٹ سے پاک کرنے کے لیے مشترکہ مہم کا آغاز کریں گے۔ قائم مقام گورنر اسٹیٹ بینک جناب اشرف محمود وتھرا کی ایما پر اتوار 30 مارچ ''چندریگر روڈ صفائی 2014ء'' کے یوم کے طور پر منایا جائے گا۔ افتتاحی تقریب اسٹیٹ بینک میں ہوگی جس میں گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان مہمان خصوصی ہوں گے۔ یہ آئی آئی چندریگر روڈ کی صفائی ستھرائی کی ایک سالہ مہم کا آغاز ہے۔

ڈھائی کلومیٹر طویل اس سڑک کو آٹھ حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے جو آٹھ بینکوں کو مختص کیے گئے ہیں: الفلاح بینک، نیشنل بینک، یونائیٹڈ بینک، بینک الحبیب، حبیب بینک، ایم سی بی بینک، حبیب میٹروپولیٹن بینک اور جے ایس بینک۔ ہر بینک اپنے مختص شدہ حصے کی صفائی کا ذمہ دار ہوگا۔ اسٹیٹ بینک صفائی کے عمل میں شامل ہوگا اور اس سلسلے میں جو بھی اعانت اور رابطہ کاری درکار ہوگی فراہم کرے گا۔

اسٹیٹ بینک کے قائم مقام گورنر کے علاوہ ڈپٹی گورنرز اسٹیٹ بینک، اسٹیٹ بینک اور ایس بی پی بی ایس سی کے سینئر افسران، کمشنر کراچی، شہری انتظامیہ کے حکام اور کارکن، کمرشل بینکوں کے نمائندے اور آئی آئی چندریگر روڈ پر اور قرب وجوار کے کاروباری اداروں کے نمائندے بھی تقریب میں شریک ہوں گے۔

پروگرام کے دوران ہفتے اور اتوار کو اسٹیٹ بینک عجائب گھر کھلا رہے گا۔

علاوہ ازیں آئی آئی چندریگر روڈ کی تزئین وآرائش اور سیکورٹی بہتر بنانے کی مہم کا منصوبہ بھی بنایا گیا ہے۔

☆☆☆